© rasailojaraid.com

کو "مولانا محمد علی جالندھری" لکھا گیا ہے (ص ۳۱، ص ۴۰)، مترجمِ قرآن "لاہوری" کی صفتِ نسبتی سے مشہور ہیں، مولانا محمد علی جالندھری مجلس تحفظِ ختمِ نبوت کے مشہور رہنما گزرے ہیں۔ صفحہ ۷۰ پر ۱۹۶۰ء کے عشرے میں مسلم دُنیا میں آنے والی بعض تبدیلیوں کے ذکر میں لکھا گیا ہے: "آیت اللہ خمینی کو ایران سے نکال دیا گیا۔ پاکستان میں جماعت اسلامی پر پابندی عائد ہوئی اور اس کے رہنما سیّد ابوالاعلیٰ مودودی کو سزائے موت کا حکم ہوا (ص ۷۰)۔" ۱۹۶۴ء میں جماعت اسلامی پاکستان یقیناً خلافِ قانون قرار دی گئی تھی، مگر سیّد مودودی کو سزائے موت اِس مرحلے پر نہیں، بلکہ اِس سے بہت پہلے ۱۹۵۳ء کے فسادات کی آڑ میں دی گئی تھی۔

ڈاکٹر غلام نبی فائی نے کتاب پر دیباچہ لکھا ہے جو انگریزی میں ہے، واللہ اعلم اِس کا اُردو ترجمہ شامل نہ کرنے میں کیا مصلحت تھی۔ کتاب میں جن امریکی افراد اور تنظیموں کے نام آئے ہیں (اور بالعموم اُردو قارئین اُن سے آگاہ نہیں)، اُن کی ایک فہرست انگریزی زبان میں فراہم کی گئی ہے، تاکہ کم از کم انگریزی جاننے والے صحیح تلفظ سے آگاہ رہیں۔ کتابت کی اغلاط تو ہیں ہی، صفحات ۸۵ - ۸۶ کا لوازمہ متصلاً دوبارہ نقل ہوگیا ہے۔ اسی طرح "تعارف" (ص ۹) کی ابتدائی دس سطریں، "حرفِ آخر" (ص ۱۰۱) میں من و عن درج کی گئی ہیں۔ "حرفِ آخر" (ص ۱۰۱ - ۱۰۳) کا باقی حصّہ بھی کتاب کے صفحات ۷۹ - ۸۱ میں نقل ہوچکا ہے۔

کتاب سادہ جلد اور خوبصورت مصوّر گردپوش سے مزیّن ہے جس میں امریکی جھنڈے کو بتدریج سبز ہوتا دکھایا گیا ہے۔

(ادارہ)

---

## * نیا عہد نامہ قرآن مجید ہے نہ کہ انجیل

جناب عبداللطیف مسعود نے اس رسالہ میں قرآن مجید اور بائبل مقدّس سے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ "پرانا عہد نامہ انجیل نہیں، بلکہ قرآن مجید ہے۔" ۵۰ صفحات کا یہ کتابچہ نیوز پرنٹ پر چھپا ہے اور مصنّف سے جامع مسجد خضریٰ - ڈسکہ (سیالکوٹ) سے پانچ روپے بطور قیمت ادا کرکے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com